RAMPUR STATE GAZETTE

ریاستِ رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۱ | مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۲۷ رجب المرجب سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم
مورخہ ۲۰ جون سنہ ۱۹۱۱ء

نسبت رپورٹ بخشی فوج دربارہ استدعا نسبت منہائی تنخواہ یکصد روپیہ ماہوار جو سید رضا حسین صاحب کو صیغہ مصاحبین سے ملتی تھی اور اب سلسلہ خدمت یکاؤ یاقوت خانصاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سالم تنخواہ پر مامور ہوئے ہیں

یعنی سہ صد روپیہ ماہوار پر۔

بواپسی لکھا جاوے کہ خانبہادر سید رضا حسین صاحب سپرنڈنٹ پولیس کو مد مصاحبین سے بحساب سو روپیہ ماہوار ۸ جون سنہ ۱۹۱۱ء تک تنخواہ ملے گی۔ اور بعد پولیس ۹ جون سنہ ۱۹۱۱ء سے پوری تنخواہ ملے گی۔ سو روپیہ ماہوار جو جنہ مصاحبان سے عطا ہوتے ہیں آیندہ وہ مبلغ برآورد رکھے جائینگے۔ نام برآورد مصاحبین سے نہ گرایا جائے اور ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء کو اس بابت بخشیگری سے یاد دہانی ہونا چاہئے۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

تا صدور حکم ثانی خانبہادر سید رضا حسین کام سپرنڈنٹی پولیس انجام دیں تنخواہ جسطرح اب انکو ملتی ہے بدستور ملتی رہے۔ کاغذ بخشیگری کو واپس ہو۔ ایک نقل اس حکم کی مع خلاصہ کاغذ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس بھیجدیجائے۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ خیر سگالی

جناب عالی

بمشار حکم ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء کاغذات ہذا بغرض صدور حکم مناسب ابلاغ ہیں۔ واجب العرض ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

ملخص آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

یکم جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج رخصت بیکاہ صوبہ دار جنکیشن صاحب گورکھا کمپنی بنا بر روانگی نینی تال ۲۷ جون سنہ ۱۹۱۱ء سے ۲۶ جولائی تک منظور فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۹ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

تا صدور حکم ثانی روبکار مورخہ ۱۵ فروری سنہ ۱۹۱۱ء ممانعت شکار کا نفاذ ملتوی کیا جاتا ہے۔ اور حسب روبکار ماقبل مجریہ ۱۳ مئی سنہ ۱۹۱۰ء جسکی نقل منسلک ہے۔ شیر۔ گلدار۔ تیتر۔ مور۔ نیل گاو۔ بارہ سنگھا۔ سانبھر۔ جھانک۔ چیتل کے علاوہ دیگر جانوران کے شکار کرنے کی اجازت دیجاتی ہے۔ پانچ شکارگاہیں جو مخصوص کی گئی ہیں انمیں قطعی طور پر کسی قسم کے شکار کھیلنے کی ممانعت ہے۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب چیف انجنیر بہادر صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس اور دارالانشا میں بھیجدیجاوے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

نقل روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۳ مئی سنہ ۱۹۱۰ء

بنظر مناسب حسب تحریک صاحب ریونیو سکرٹری بہادر تشخیص جلد

احکام تجویز ممانعت شکار حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔ کل ریاست مین
پانچ مقامات محدودۂ ذیل شکارگاہ کے واسطے مخصوص کئے جاتے ہین
۱ – شکارگاہ دبدبہ جسکی حد شمالی ضلع ترائین حد شرقی سڑک رامپور
رودرپور – حد غربی دریاے دہمری – حد جنوبی بعد تصریح قایم ہوگی –
اور مواضعات بھرت پور – دبدبہ – تیمرا – سنہار کھیڑا – چندائن – سرنگی
سسورا – اسمین داخل ہونگے –

۲ – دہن پور – بیجے پور –

۳ – شکارگاہ شاہ آباد – شاہ آباد کامل سے تین تین میل تک حد شکارگاہ
سمجھی جاینگی –

۴ – شکارگاہ سیفنی – دریاے گانگن کی کھادر مین ہوگی جسکی حد شمالی
دریاے رام گنگا حد جنوبی نہر گانگن – حد شرقی سوانہ موضع راے پور
یعنی رقبہ موضع راے پور داخل شکارگاہ ہوگا –
حد غربی نہر گانگن ہوگی –

۵ – شکارگاہ لالپور موضع پہاڑپور سے چہار جانب ڈیڑھ ڈیڑھ میل تک
رقبہ داخل شکارگاہ لالپور متصور ہوگا کہ ان پانچ مقامات کی حد بندی
بجز دہن پور بیجے پور جو آیندہ شکارگاہ کے نام سے موسوم ہونگے
بذریعہ داغ بیل کرادیجاے جسکی چوڑائی وگہرائی ایک ایک فٹ
ہونا چاہیے –

۲ – پانچون شکارگاہ مندرجہ بالا کے اندر کوئی شخص کسی قسم کے شکار
کھیلنے کا مجاز نہوگا بحالت خلاف ورزی سخت تدارک کیا جایگا –
یہ مقامات صرف مابدولت واقبال کے شکار کے واسطے
مخصوص رہین گے –

۴ – جانوران مفصلہ تحت کے شکار کی ممانعت عام طور سے کل
حدود ریاست مین کیجاتی ہے۔ کوئی شخص کسی مقام پر انکا شکار
نکرنے پایگا – شیر – گلدار – تیندوا – مور – نیل گاو – پاڑہا – سانبھر
جانک – چیتل –

۵ – علاوہ جملہ شکارگاہ مندرجہ بالا کے دیگر مقامات پر فی الحال
بلا کسی شرط کے ہرن اور سور کا شکار بندوق وجال وغیرہ سے
کھیلنے کی عام طور سے اجازت دیجاتی ہے –

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا تعمیلاً صاحب چیف انجنیر بہادر وصاحب ریونیو سکرٹری بہادر
کے پاس مرسل ہون – اور اطلاع عام کے لئے درج گزٹ ہو –

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر فی الحال
خانسامان ابوالحسن کی تنخواہ مین پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ محنت
لیاقت منظور فرماکر تیس روپیہ ماہوار مقرر فرماے گئے –

تقرر

۲۰ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر بربنا درخواست
ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول تقرر رگھونرام بعہدہ مدرس ریاضی
ہائی اسکول بشاہرہ ساٹھہ روپیہ ماہوار امتحاناً براے سہ ماہ ۱۲ جولائی
سنہ ۱۹۱۱ء سے منظور فرمایا گیا –

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۶ جولائی لغایت ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد بار	اوزان	تعداد بار	اوزان	تعداد بار	اوزان	تعداد بار	اوزان	تعداد بار	اوزان	تعداد بار	اوزان
۱۶ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز یکشنبہ	۰	۶۰	۰	۷۰	۰	۴۱	۰	۵۳	۰	۶۵	۰	۳۴
۱۷ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز دوشنبہ	۰	۶۰	۰	۷۰	۰	۴۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۶۵	۰	۳۴
۱۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز سہ شنبہ	۰	۶۰	۰	۷۰	۰	۴۱	۰	//	۰	۶۵	۰	۳۴
۱۹ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز چہارشنبہ	۰	۶۰	۰	۷۰	۰	۴۱	۰	//	۰	۶۵	۰	۳۴
۲۰ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز پنجشنبہ	۰	۶۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۳۴
۲۱ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز جمعہ	۰	۶۰	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	۳۴
۲۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز شنبہ	۰	۶۰	۰	//	۰	۰	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۷ جولائی لغایت ۲۳ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ سیر	۰	۰	۱۴ سیر	۰	۰	دیگر تحصیلات کا نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۷ سیر	۰	۰	۲۰ سیر	۰	۰	
نخود کسہ آمیز	۱۸ سیر			۲۳ سیر	۰	۰	
کسہ	۰	۰	۰	۲۶ سیر	۰	۰	
ماش	۸ سیر	۰	۰	۱۰ سیر	۰	۰	
مونگ	۱۱ سیر	۰	۰	۰	۰	۰	
مکا	۲۶ سیر	۰	۰	۰	۰	۰	
جنجی	۲۴ سیر	۰	۰	۰	۰	۰	
کوجی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
عدس	۱۸ سیر	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۲۰ سیر	۰	۰	۲۵ سیر	۰	۰	
برنج	۶ سیر	۰	۰	۴ سیر	۰	۰	
روغن زرد	۱۰ سیر	۰	۰	سیر	۰	۰	
روغن سیاہ	۲ سیر	۰	۰	۲ سیر	۰	۰	
روغن کنجد	۱ سیر	۰	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۱۳ سیر	۰	۰	۱۳ سیر	۰	۰	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۷ سیر	۰	۰	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ سٹیٹ پریس ریاست رامپور